عمیق مطالعہ تعلیم اور نشونما (IREAD) اہل خانہ وسائل کی رہنمائی

فہرستِ مندرجات

تدرسی نمونہ 2

طالب علم کا پروفائل 2

داخلے کا طریقہ کار 3

مرحلہ 1: درخواست دیں 3

مرحلہ 2: جائزہ لیں 3

مرحلہ 3: داخلے کا فیصلہ 3

IREAD کی کلیدی خصوصیات 4

سوالات؟ 4

پروگرام کا عمومی جائزہ

عمیق مطالعہ تعلیم اور نشونما (IREAD) خاص، کلاس میں محدود تعداد کی ایک جامع مشترکہ تعلیم (ICT) پروگرام ہے جسے ان طلباء کے لیے تشکیل دیا گیا ہے جنہیں گویائی کی وجہ سے سیکھنے کی معذوری، مطالعہ میں مشکلات اور / یا ڈلیکسیا ہے۔

IREAD کا مقصد مستقبل میں مطالعہ میں مشکلات کا اعلیٰ معیاری تشکیل کردہ خواندگی تدریس فراہم کرکے انسداد یا کمی کرنا ہے جو خصوصی، مرحلہ وار اور کثیر الحسیات ہے۔ IREAD کے کلاس روم میں طلباء گہری بنیادی صلاحیت کی تعلیم اپنے ہم جماعتوں کے ساتھ حاصل کرتے ہیں جن کے پاس یا IEP ہوتا ہے یا نہیں ہوتا۔

کلاسوں کو عام تعلیمی استاد اور ایک خاص تعلیمی استاد پڑھاتے ہیں، دونوں تشکیل کردہ خواندگی میں تربیت یافتہ ہوتے ہیں۔ مزید ایک خواندگی کا ماہر ابدافی تدریس، چھوٹے گروپ میں معاونت کرتا ہے، اور اعداد شمار کی بنیاد پر اسباق کی منصوبہ بندی کرتا ہے۔ متعلقہ خدمات جیسے گویائی معالجہ اور جسمانی / ذہنی ورزشی معالجہ طلباء کی IEPs کے مطابق فراہم کی جاتی ہیں۔

تدریسی نمونہ

IREAD کلاس رومز ذیل کے ذریعے تشکیل کردہ خواندگی کے طریقے نافذ کرتے ہیں:

- **واضح اور مرحلہ وار صوتی تدریس**
- **چھوٹے گروپ اور تفریقی مطالعہ میں معاونت**
- **جامع ذخیرۂ الفاظ اور ادراکی تدریس**
- **اعداد و شمار کی بنیاد پر پیشرفت کی نگرانی (ہفتہ وار یا ہر دو ہفتے ہیں)**
- **NYCPS کے منظور شدہ نصاب کے ذریعے مواد سے بھرپور تعلیمی اجزا**

بنیادی مطالعہ کرنے کی صلاحیتیں — بشمول صوتیاتی آگاہی، صوتیات، الفاظ پڑھنا (ڈی کوڈنگ) اور روانی — کو ترجیح دی جاتی ہے تاکہ طلباء کو مطالعاتی فہم کے فروغ کے لیے ضروری صلاحیتوں کی نشونما کرنے میں مدد دی جا سکے۔

طالب علم کی تدریس کی پیشرفت کی نگرانی کے اعداد و شمار کے مطابق باقاعدہ طور پر ردّو بدل کیا جاتا ہے تاکہ صلاحیت کو جلد سیکھنے اور گریڈ سطح کی خواندگی میں روانی کے جانب پیشرفت ہو سکے۔

طالب علم کا پروفائل

IREAD کنڈرگارٹن سے لیکر گریڈ 7 کے طلباء کو خدمات فراہم کرتا ہے جنہیں خواندگی کے فروغ میں مشکلات درپیش ہیں۔

طلباء کو ان میں مشکلات پیش آ سکتی ہیں:

- ہم قافیہ اور دیگر آواز سے متعلق کام
- حروف کا نام اور آواز سیکھنا
- بڑے طلباء کے لیے خصوصاً کئی انداز کے الفاظ کو پڑھنا اور ہجے کرنا (این کوڈنگ)
- صوتیاتی کاروائی اور فوراً نام لینا
- تحریری اظہار

- مطالعہ میں روانی اور برداشت
- گریڈ سطح کے متن کے شعبوں تک خود مختارانہ رسائی

اہل طلباء:

- IEPs یا اس کے بغیر
- باضابطہ ڈلیکسیا تشخیص ہوئے یا اس کے بغیر
- وہ جنہیں خواندگی چھان بین یا استاد / والدین کے خدشات کے ذریعے منتخب کیا گیا ہو

IREAD میں عام IEP درجہ بندیاں

- گویائی یا لسانی نقص
- سیکھنے کی معذوری

داخلے کا طریقہ کار

مرحلہ 1: درخواست دیں

والدین ، سرپرست صاحبان یا اسکول کا عملہ جو ان کے لیے کام کر رہے ہیں، **کنڈرگارٹن سے 7 گریڈ** میں ان طلباء کے لیے ایک IREAD درخواست جمع کروا سکتے ہیں جنہیں لسانی مشکلات درپیش ہیں۔ درخواستیں ای میل کے ذریعے دستیاب ہیں: IREADprogram@schools.nyc.gov

اگر کسی طالب علم کی چھان بین نہیں کی گئی ہے، IREAD ٹیم اسے کروانے کرنے کے لیے ڈیلکسیا چھان بین معاون والدین یا استاد کے پاس بھیجے گا۔

مرحلہ 2: جائزہ لیں

IREAD ٹیم جائزہ لیتی ہے:

- ڈیلکسیا چھان بین معاون کے نتائج
- دستیاب معیاری اعداد و شمار (مثلاً، Acadience, MAP Growth Reading, i-READY)
- اضافی تشخیصات (اگر ضرورت ہوئی)، بشمول صوتیاتی کاروائی، فوراً نام لینا، لفظ جاننا وغیرہ
- متعلقہ IEP تشخیصات یا بیرونی جانچ (اگر دستیاب ہے)

مرحلہ 3: داخلے کا نتیجہ

اگر پروگرام آپ کے بچے کی ضروریات پوری کرتا ہے، آپ کو IREAD کے لیے ایک تقرری موصول ہوگی، جس میں اسکول کا مقام شامل ہوگا۔ اس سے قبل کہ اہل خانہ فیصلہ لیں انہیں اسکول کا دورہ کرنے کی دعوت دی جائے گی۔

ایک مرتبہ داخلہ ہونے کے بعد، طلباء کو آنے والے سالوں میں دوبارہ درخواست دینے کی ضرورت نہیں ہے۔ اگر IREAD کے کلاس رومز طالب علم کی مزید خدمات نہیں کر سکیں گے، IREAD اور اسکول ٹیم اہل خانہ کے ساتھ ملکر ایک متبادل تقرری کی تجویز دی گے اور معاونت فراہم کریں گے۔

IREAD کی کلیدی خصوصیات

- **چھوٹی کلاس اور مشترکہ تعلیمی نمونہ**
- **ڈلیکسیا اور مطالعہ کی معذوری میں خصوصی تربیت**
- **اہدافی بنیادی مطالعہ تدریس**
- **شمولیتی تعلیمی ماحول**
- **والدین کے ساتھ جاری رابطے اور تعاون**

سوالات؟

مزید جاننے کے لیے درخواست دیں:
Apply for IREAD پر رابطہ کریں یا IREADprogram@schools.nyc.gov